نیوز ریلیز

البرٹا کے کلاس رومز میں خیالات منتشر کرنے والی چیزیں محدود کرنا

17 جون 2024 میڈیا انکوائریز

طلباء کی ذہنی صحت کے تحفظ اور انتشارِ خیالات میں کمی کی خاطر نئے معیارات، کلاس رومز میں ذاتی موبائل ڈیوائسز اور اسکول نیٹ ورکس پر سوشل میڈیا کے استعمال کو محدود کریں گے۔

ذاتی موبائل ڈیوائسز اور سوشل میڈیا زندگی کے تمام پہلوؤں پر حاوی ہوتے جا رہے ہیں اور البرٹا کے کلاس رومز بھی ان سے مستثنیٰ نہیں۔ یہ اگرچہ سیکھنے کے عمل میں معاونت کے لیے مفید طریقہ جات ہو سکتے ہیں، تاہم 68,000 والدین، ٹیچرز، تعلیمی شراکت داروں اور طلباء سے ملنے والے فیڈبیک نے نشاندہی کی ہے کہ ذاتی موبائل ڈیوائسز اور سوشل میڈیا طلباء کی کامیابیوں اور ذہنی بہبود پر منفی طور پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔

اس فیڈبیک کی بنیاد پر، البرٹا کی حکومت نئے معیارات قائم کر رہی ہے جو کہ 1 ستمبر سے نافذ کیے جائیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ذاتی موبائل ڈیوائسز اور سوشل میڈیا سیکھنے کے عمل میں مداخلت نہیں کرتے۔

”والدین، ٹیچرز، طلباء اور ہمارے تعلیمی شراکت داران یہ واضح رائے رکھتے ہیں کہ کلاس رومز میں ذاتی موبائل ڈیوائسز اور سوشل میڈیا کا استعمال باعثِ تشویش ہے۔ ہم تدریسی وقت کے دوران ذاتی موبائل ڈیوائسز کے استعمال کو محدود کرتے ہوئے طلباء کے تحفظ کے لیے نپا تُلا نقطۂ نگاہ استعمال کر رہے ہیں تاکہ مداخلتوں اور ہراسانی میں کمی کی جائے، سیکھنے کے وقت کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جائے اور طلباء کی ذہنی صحت میں معاونت کی جائے۔“

ڈمٹریوس نکولائیڈیس (Demetrios Nicolaides)، وزیر تعلیم

ذاتی موبائل ڈیوائسز کے لیے نئے معیارات البرٹا کے K-12 پبلک، انفرادی، فرانسیسی بول چال کے، پبلک چارٹر، خودمختار اسکول حکام اور ابتدائی بچپن کی خدمات کے آپریٹرز کے لیے پابندیاں، نفاذ کے طریقہ جات اور استثنات وضع کریں گے۔ صحت اور طبی ضروریات کی خاطر طلباء کے موبائل ڈیوائسز کے استعمال کے حوالے سے صوبے بھر کی سطح پر مستثنیات ترتیب دی جائیں گی تاکہ سیکھنے کی خصوصی ضروریات، نیز تعلیمی مقاصد میں معاونت کی جائے۔

اسکول کے حکام اپنے اسکولز میں ذاتی موبائل ڈیوائسز اور سوشل میڈیا کے استعمال کے حوالے سے مقامی سطح پر تیار کی گئی پالیسیز اور طریقہ جات نافذ کریں گے۔ یہ پالیسیز اور طریقہ جات صوبائی معیارات کی عکاسی کریں گے لیکن اس کے باوجود بھی ان میں شخصی آزادی اور لچک کی گنجائش موجود ہو گی تاکہ ان کمیونٹیز اور طلباء کی منفرد ضروریات کو پورا کیا جا سکے کہ جن کی وہ خدمت کرتے ہیں۔

اسکول حکام آنے والے ہفتوں اور مہینوں کے دوران اپنی پالیسیز اور قواعد کے بارے میں طلباء اور سرپرستوں کے ساتھ تفصیلات کا اشتراک کریں گے۔

فوری حقائق

- البرٹا کے اسکول حکام کو فی الوقت یہ آزادی حاصل ہے کہ وہ اس بارے میں اپنی پالیسی بنا سکیں کہ طلباء اسکولز میں کیسے سیل فونز استعمال کرتے ہیں۔ پالیسیز میں صوبائی سطح پر تنوع پایا جاتا ہے۔
- حالیہ برسوں کے دوران اونٹاریو، کیوبک اور برٹش کولمبیا نے بعض مستثنیات کے ساتھ اسکولز میں سیل فونز کے استعمال کو محدود کیا ہے یا اس پر پابندیاں عائد کی ہیں۔
- البرٹا کے محکمہ تعلیم نے طلباء، والدین اور تعلیمی شراکت داروں کے ہمراہ رابطہ قائم کیا تھا۔
  - والدین اور اسکول کے وابستگان کے لیے منعقدہ سروے کے ضمن میں 68,000 ردعمل موصول ہوئے۔ تقریباً 90 فیصد جواب دہندگان نے اسکول میں طلباء کے سیل فون کے استعمال کے حوالے سے مشترکہ تشویش کا اظہار کیا تھا۔
  - اسکول کے متنوع وابستگان نے دو فاصلاتی روابط کے سیشنز میں حصہ لیا تھا۔

متعلقہ معلومات

- اسکولز مصروفیات میں سیل فون کا استعمال

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس ملاحظہ کریں

میڈیا انکوائریز

کیون لی (Kevin Lee)

780-427-5010

پریس سیکرٹری، تعلیم